نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ ڈیوس روڈ لاہور

Ph.042-99200731,
99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے بارانی علاقوں میں گندم کیلئے کھادوں کے استعمال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور14 اکتوبر2026: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق گندم کے کاشتکار بارانی کم بارش والے علاقوں (راجن پور،لیہ،ڈیرہ غازی خان،مظفرگڑھ،بھکر،میانوالی،جنڈ،پنڈی گھیب اور خوشاب کے بارانی علاقہ جات) میں بوائی سے قبل زمین کی تیاری کے وقت ایک بوری ڈی اے پی،ایک بوری یوریا اورآدھی بوری ایس او پی یا ایم او پی فی ایکڑ ڈالیں جب کہ درمیانی بارش والے علاقوں (چکوال،تلہ گنگ اور پنڈ دادن خان کے علاقہ جات)میں سوا بوری ڈی اے پی،سوا بوری یوریا اور آدھی بوری ایس او پی فی ایکڑ ڈالیں۔ زیادہ بارش والے علاقہ جات (راولپنڈی، اٹک، جہلم، نارووال، سوہاوہ،نارووال،گجرات،کھاریاں اور شکرگڑھ کے علاقہ جات) میں ڈیرھ بوری ڈی اے پی اورڈیرھ بوری یوریا اورایک بوری ایس او پی یا ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ ڈرل کے ذریعہ کاشت اور بوائی کے وقت ڈالی جانے والی کھاد کے استعمال کی صورت میں کھادوں کی افادیت بڑھ جاتی ہے۔ کھاد چونکہ پودوں کی جڑوں کے قریب گرتی ہے اور اس طرح فصل کھاد کا ہر دانہ استعمال کر سکتی ہے۔تمام کھادیں زمین کی تیاری کے وقت استعمال کریں

****